© rasailojaraid.com

بھی کچھ محنت کریں تو استفادہ میں اور بھی سہولت ہو جائے۔ بہرحال ایسے حسین و جمیل پیرایہ میں اس کتاب کا شائع ہو جانا ناشر کے والہانہ شغف اور حسن ذوق کا بھی ثبوت ہے اور اہل علم پر احسان بھی۔

---

## منصبِ نبوت اور اس کے عالی مقام حاملین

مولانا سید ابوالحسن علی ندوی ۔ ناشر :- مجلس نشریات اسلام ناظم آباد کراچی ۱۸

صفحات :- ۲۹۲ قیمت ۱۸ روپے

عالم اسلام کے فرزند جلیل اور داعیہ کبیر مولانا علی میاں کے تصانیف پر کسی لمبے چوڑے تبصرہ کی ضرورت نہیں، آفتاب آمد دلیل آفتاب ـــــ عالم انسانیت اور انسانی تمدن وارتقاء پر انبیاء کرام کے احسانات، امتیازی خصوصیات طریقۂ فکر و دعوت، نبوت محمدی کے لافانی کارنامے اور ختم نبوت کی ضرورت اور اس کے عمیق اثرات پر اس کتاب میں مولانا موصوف نے روشنی ڈالی ہے۔ اور قرآن کریم کو بنیادی ماخذ بنا کر فکر انگیز مواد فراہم کیا ہے۔

عربی زبان میں " النبوۃ والانبیاء فی ضوء القرآن " کے نام سے اس کتاب کے ۱۲ چھ ایڈیشن عرب ممالک میں نکل چکے ہیں۔ اور اب یہ اردو کا دوسرا ایڈیشن ہے۔ جو کراچی سے جناب فضل ربی ندوی نے طباعت وکتابت کی خوبیوں کے ساتھ شائع کیا ہے۔

---

## ادارہ اسلامیات لاہور کی مطبوعات

ادارہ اسلامیات انارکلی لاہور ایک مدت سے اسلامی علوم وفنون اور عمدہ کتابوں کے فروغ و اشاعت میں مصروف ہے۔ حال ہی میں اس نے اکابر علم وفضل اور علماء دیوبند کی حسب ذیل کتابیں عمدہ پیرایہ میں شائع کی ہیں۔ کتابیں چونکہ اہل علم میں متعارف ہیں۔ اس لئے اجمالی تعارف پر اکتفاء کی جاتی ہے۔

(۱) :- العقل والنقل :- عقل سلیم اور نقل صحیح میں کبھی اختلاف نہ ہونے اور اختلاف کی صورت میں فیصلہ کا صحیح طریقہ اور ایسے دیگر مباحث پر علامہ شبیر احمد عثمانی کا مدلل مقالہ

صفحات :- ۹۶ ، قیمت :- ۳/- روپے

(۲) :- اعجاز القرآن :- علامہ شبیر احمد عثمانی کے قلم سے اعجاز قرآن پر محققانہ بحث باضافہ



© rasailojaraid.com